# کوئی پلان چنتے وقت خود سے پوچھنے کے لیے 5 سوال

ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس مختلف ضرورتوں اور بجٹوں کی تکمیل کے لیے پلان کی مختلف قسمیں پیش کرتا ہے۔ نگہداشت صحت کو قابل برداشت بنانے میں مدد کے لیے زیادہ تر لوگ مالی امداد کے اہل ہیں۔ اپنے لیے اہمیت رکھنے والی چیزوں کی بنیاد پر پلان کا موازنہ کریں اور قیمت و کوریج کا ایسا قدرے مشترک منتخب کریں جو آپ کی ضرورتوں کے موافق ہو۔ مارکیٹ پلیس کوریج خریدتے وقت خود سے یہ 5 سوالات پوچھیں۔

## 1. کیا میں مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے ادائیگی میں مدد حاصل کرسکتا ہوں؟

آپ اپنی کوریج کی لاگت کو کم کرنے کے لیے مالی امداد کے مستحق ہوسکتے ہیں۔ HealthCare.gov پر صحت کے کوریج کے لیے سائن اپ کرنے والے دس میں آٹھ لوگ اپنی کوریج کو زیادہ قابل برداشت بنانے میں مدد کے لیے مالی امداد کے مستحق ہیں۔ درحقیقت، زیادہ تر لوگوں کو ایسے پلانز مل جاتے ہیں جو فی ماہ 75$ یا اس سے کم ہیں۔ جب آپ مارکیٹ پلیس کی درخواست پُر کرتے ہیں تو، آپ جان لیں گے کہ آیا آپ اپنے ماہانہ پریمیمز اور نگہداشت کی لاگتوں کو کم کرنے میں مدد کے لیے مالی امداد کے اہل ہیں۔ اس مالی امداد کا اطلاق آپ کے دانتوں کے کوریج پر بھی ہوگا اگر یہ آپ کی صحت کے منصوبے کا حصہ ہو۔

مارکیٹ پلیس میں کمتر لاگتیں حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں یہاں مزید جانیں. HealthCare.gov/lower-costs.

## 2. ہیلتھ پلان کن فوائد کا احاطہ کرتے ہیں؟

مارکیٹ پلیس میں موجود سبھی ہیلتھ پلانز آئٹمز اور خدمات کا ایک جیسا سیٹ پیش کرتے ہیں جنہیں « صحت کے ضروری بینیفٹس» کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ بینیفٹس ڈاکٹر کی ملاقاتوں، نسخوں، ہسپتال میں داخلے، حمل وغیرہ جیسی چیزوں کا احاطہ کرتے ہیں۔

ہیلتھ پلانز دیگر فوائد جیسے بصارت، دانت اور کسی خاص مرض یا کیفیت کے لیے طبی نظم و نسق کے پروگرامز بھی پیش کرسکتے ہیں۔ تاہم، ہر ریاست میں خصوصی بینیفٹس مختلف ہو سکتے ہیں۔ حتی کہ ایک ہی ریاست میں، پلانز کے بیچ معمولی سا فرق ہو سکتا ہے۔ پلانز کا موازنہ کرتے وقت، آپ دیکھیں گے کہ ہر پلان کن فوائد کا احاطہ کرتا ہے۔ اگر آپ کو نگہداشت صحت کی مخصوص ضروریات لاحق ہوں تو یہ مددگار ہوگا۔

## 3. میں کس طرح ایسا پلان تلاش کرسکتا ہوں جو میرے بجٹ کے موافق ہو اور میری ضروریات کی تکمیل کرتا ہو؟

ایک اچھا پلان تلاش کرنے کا مطلب اس سلسلے میں توازن پیدا کرنا ہے کہ آپ ہر مہینے کتنی ادائیگی کرتے ہیں اور آپ کے خیال میں آپ اور آپ کے خاندان کو اس سال کے دوران کتنی نگہداشت صحت کی ضرورت ہونے والی ہے۔ اگر آپ صحت مند ہیں اور ڈاکٹر کے پاس زیادہ نہیں جاتے ہیں تو ممکنہ طور پر کم ماہانہ پریمیم (وہ رقم جس کی ادائیگی آپ کے کوریج کے لیے ضروری ہے) والے پلان کے لیے آپ کی لاگت کم ہوگی۔ لیکن اگر آپ کو ڈاکٹر کے پاس بہت زیادہ جانا ہوتا ہے، یا آپ کو کافی زیادہ مہنگے نسخوں کی ضرورت ہوتی ہے تو، آپ کو ایسے پلانز دیکھنے چاہئیں جہاں نگہداشت حاصل کرنے کی لاگت، یا آپ کے ذریعہ کی گئی ادائیگی (جیسے باہمی بیمہ یا باہمی ادائیگی) کم ہو۔ جب آپ مارکیٹ پلیس میں پلانز کے لیے خریداری کرتے ہیں تو، اس سلسلے میں آپ کی مدد کے لیے انہیں پانچ زمروں میں رکھا جاتا ہے (برونز، سلور، گولڈ، پلاٹینم، اور آفاتی) کہ اپنی نگہداشت صحت کی ضروریات کی بنیاد پر آپ کی کیا گنجائش ہے۔ آپ کے ذریعہ منتخب کردہ زمرے کا اثر آپ کے ماہانہ پریمیم کی لاگت اور اس بات پر پڑتا ہے کہ آپ ہسپتال میں ملاقات یا نسخے جیسی چیزوں کے لیے بل کا کتنا حصہ ادا کرتے ہیں - لیکن اس کا اثر فراہم کردہ پلانز کے معیار یا مقدار پر نہیں پڑتا ہے

## ہیلتھ پلان کے زمرے

**برونز:** آپ کا ہیلتھ پلان نگہداشت کی کل اوسط لاگت کا **60%** ادا کرتا ہے۔ آپ لگ بھگ **40%** ادا کرتے ہیں۔

**سلور:** آپ کا ہیلتھ پلان نگہداشت کی کل اوسط لاگت کا **70%** ادا کرتا ہے۔ آپ لگ بھگ **30%** ادا کرتے ہیں۔۔

**گولڈ:** آپ کا ہیلتھ پلان نگہداشت کی کل اوسط لاگت کا **80%** ادا کرتا ہے۔ آپ لگ بھگ **20%** ادا کرتے ہیں۔

**پلاٹینیم:** آپ کا ہیلتھ پلان نگہداشت کی کل اوسط لاگت کا **90%** ادا کرتا ہے۔ آپ لگ بھگ **10%** ادا کرتے ہیں۔۔

***آفاتی :** آپ کا ہیلتھ پلان نگہداشت کی کل اوسط لاگت کا **60%** سے کم ادا کرتا ہے۔

***نوٹ:** آفاتی پلانز صرف 30 سال سے کم عمر کے یا ایسے لوگوں کے لیے دستیاب ہے جنہیں تنگی کے سبب استثناء حاصل ہے۔ "تنگی کے سبب استثناء" کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں **HealthCare.gov/fees-exemptions/hardship-exemptions**.

اگرچہ مارکیٹ پلیس کے تمام پلانز بینیفٹس کے ایک بنیادی سیٹ کا احاطہ کرتے ہیں، لہٰذا آپ کے ذریعہ ادا کردہ رقم پلان کے لحاظ سے مختلف ہوگی۔ عام طور پر، اگر آپ کے ماہانہ پریمیم کی ادائیگیاں کم ہیں تو، نگہداشت حاصل کرنے کی لاگت، یا آپ نسخوں یا ہسپتال میں قیام کے لیے اپنی جیب سے کتنی ادائیگی کریں گے، اس کی مقدار زیادہ ہوسکتی ہے۔ اگر آپ اپنے پریمیم کے لیے ہر مہینے زیادہ ادائیگی کرتے ہیں تو، یہ دیگر لاگتیں کم ہوں گی۔

**اہم:** اگر آپ اپنے گھرانے کی جسامت اور آمدنی کی بنیاد پر اپنی جیب سے کمتر لاگت کے مستحق ہیں اور سلور پلان کا انتخاب کرتے ہیں تو، آپ زیادہ بچت کرسکتے ہیں۔ اسے "لاگت کے اشتراک میں تخفیف" کہا جاتا ہے۔

لاگت کے اشتراک میں تخفیف کے ساتھ، آپ کمتر کٹوتیاں (وہ رقم جو آپ اپنی حاصل کردہ نگہداشت کے لیے اپنے بیمہ کے ذریعہ ادائیگی سے قبل ادا کرتے ہیں)، معاون ادائیگیاں، اور باہمی بیمہ کی ادائیگی کریں گے۔ سلور پلان پریمیم کے لیے ادائیگی کرتے ہوئے بنیادی طور پر آپ کو گولڈ یا پریمیم پلان کی لاگت سے کم حقیقی لاگتیں دینی ہوں گی۔ آپ پلان کے کسی بھی زمرے سے ایک پلان چن سکتے ہیں، لیکن آپ کو حقیقی اخراجات پر یہ بچتیں تبھی حاصل ہوسکتی ہیں اگر آپ کسی سلور پلان میں اندراج کرواتے ہیں۔

## 4. مارکیٹ پلیس میں دانتوں کا احاطہ کس طرح کام کرتا ہے؟

آپ کے ذریعہ اپنی مارکیٹ پلیس کی درخواست مکمل کرنے اور اپنے نتائج پانے کے بعد، آپ ایسے ہیلتھ پلانز دیکھ سکتے ہیں جن میں دانتوں کا احاطہ شامل ہو۔

مارکیٹ پلیس میں بچوں کے دانتوں کا کوریج صحت سے متعلق ایک لازمی بینیفٹ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ کا بچہ 18 سال یا کم عمر کا ہے تو، ہیلتھ پلان کے ایک حصے کے طور پر یا الگ سے دانتوں کا احاطہ دستیاب ہونا ضروری ہے۔ بالغوں کے لیے دانتوں کا احاطہ پیش کیا جانا ضروری نہیں ہے، لیکن متعدد مارکیٹ پلیس پلانز اپنے پلان کے ایک حصے کے طور پر یا دانت کے علاحدہ پلان کے بطور، اس کی پیشکش کرتے ہیں۔

مارکیٹ پلیس کے دانتوں کے پلان کو اس بنیاد پر پلان کے 2 زمروں میں رکھا جاتا ہے کہ آپ اور پلان بچوں کے لیے دانتوں کی نگہداشت کی لاگتوں میں کس طرح اشتراک کی توقع کرسکتے ہیں (زمروں کا اطلاق صرف بچے کے دانتوں کے کوریج سے متعلق ضروری صحت کے بینیفٹ کے لیے ہوتا ہے)۔

**کمتر:** آپ کا دانتوں سے متعلق پلان بچوں کے لیے دانتوں کی لاگت کا لگ بھگ **70%** ادا کرے گا۔

**زیادہ:** آپ کا دانتوں کا پلان بچوں کے لیے دانتوں کی لاگت کا لگ بھگ **85%** ادا کرے گا۔

دانتوں کے پلان کا جو زمرہ آپ منتخب کرتے ہیں اس کا اثر سال کے دوران اس کل رقم پر پڑے گا جو آپ سال کے دوران اپنے بچے کی دانتوں کی نگہداشت کے لیے اپنی جیب سے خرچ کرنے کی توقع کرتے ہیں۔

دانتوں کا کوریج صحت کے کچھ پلانز کے حصے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، لیکن یہ سبھی میں نہیں ہے۔ اگر آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ دانتوں کا کوریج چاہتے یں اور آپ کا پلان اس کی پیشکش نہیں کرتا ہے تو، آپ اپنے صحت کے پلان میں اندارج کے وقت ہی دانتوں کے کسی علاحدہ واحد پلان میں اندراج کرواسکتے

ہیں۔ دانتوں سے متعلق کچھ پلانز صرف بچوں کا احاطہ کرتے ہیں جبکہ دیگر خاندانوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ آپ کو یہ یقینی بنانے کے لیے پلان کی تفصیلات کا جائزہ لینا چاہیے کہ آپ جو بینیفٹس چاہتے ہیں وہ پلان میں شامل ہیں۔

## 5. کیا مجھے ڈاکٹر سے بہت زیادہ ملاقات کی توقع ہے یا مستقل نسخے درکار ہوتے ہیں؟

اگر ایسا ہے تو، آپ صحت کا گولڈ یا پلاٹینم پلان، اور اعلی سطحی دانتوں والا پلان لے سکتے ہیں۔ ان میں زیادہ پریمیم ہونے کا امکان ہے، لیکن آپ ہر ملاقات، نسخہ، یا دیگر طبی اور دانتوں سے متعلق خدمت کے لیے کم ادائیگی کرسکتے ہیں۔ اگر ایسا نہیں ہے تو، آپ برونز یا سلور پلان، اور ایک کمتر دانتوں والے پلان کو ترجیح دے سکتے ہیں۔ آپ کے ماہانہ پریمیم غالباً کم ہوں گے لیکن کسی ڈاکٹر کو دکھانے کے وقت آپ غالباً زیادہ لاگت ادا کریں گے۔

## مدد درکار ہے؟

اگر آپ کو سوالات درپیش ہیں یا مدد درکار ہے تو ملاحظہ کریں **Localhelp.HealthCare.gov** آپ کسی ایسے شخص کو تلاش کرسکتے ہیں جو ذاتی طور پر آپ کی مدد کرے۔ TTY صارفین کو 1-855-889-4325 پر کال کرنا چاہیے۔